TORONTO

Phone 463-1287







خواجہ خیرالدین کی اہلیہ کراچی سے راولپنڈی روانہ ہو گئیں

وزیر اعظم سے مل کر اپنے خاوند کی خیریت دریافت کریں گی

کراچی — نمائندہ خصوصی

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

پاکستان میں مقیم ... مسلمان لڑکی، تعلیم بی۔اے کیلئے ۲۴ تا ۲۸ سال کی عمر کے لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کے خاندان کے بیشتر افراد کینیڈا میں مقیم ہیں۔ پتہ ذیل پر خط لکھیے:۔

N.S.
C/O CRESCENT

آپ کیوں نہ آجائیں؟

کینیڈی اور سینٹ کلیر کے علاقے میں فلیٹ خالی ہے۔ فون کیجیے:۔
267-5955
اور پسند آجائے تو ....!

برائے فروخت

۱۹۷۲ء کی پانٹیاک وینچورا نہایت اچھی حالت میں، بہت کم استعمال کی ہوئی برائے فروخت ہے۔ مزید معلومات کے لیے شام ۶ بجے کے بعد اس نمبر پر فون کیجیے:
(416) 535-4202

خوش خبری

سالگرہ، شادی اور دیگر تقریبات کے موقع پر گھر بیٹھے اردو یا پنجابی فلمیں دیکھیے اور دکھلائیے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے:
(416) 424-2925
(416) 266-9442

ضرورت ہے

ٹورانٹو میں کام کرنے کیلئے ایک تجربہ کار قصاب (MEAT CUTTER) کی ضرورت ہے۔ معقول تنخواہ اور دیگر سہولتیں۔ مزید معلومات کے لئے فون کیجیے:
463-1287
ایفرو ایشین فوڈز

212-9281

[illegible]

آپ کے اخبار میں وہ کالم پڑھتے ہوئے آج یاد آیا کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں مصر نے ہندوستان کو روس کے دیے ہوئے جنگی سامان کے پارٹس دیے تھے [illegible]

میں پاکستان ایئر فورس کا RELEASE شدہ ایک ایئرمین ہوں۔ ہندوستان سے ۱۹۶۵ء کی جنگ لڑ چکا ہوں۔ اس جنگ میں جو کچھ میری آنکھوں نے دیکھا ہے اور جو کام ہم نے کیے ہیں وہ ساری دنیا جانتی ہے۔ میں تمغۂ جنگ اور تمغۂ حرب کے دو اعزاز بھی لے چکا ہوں۔

تصویر کا دوسرا رخ یہ ہے کہ ۱۹۶۷ء میں ایئر فورس سے RELEASE لینے کے دو سال بعد مجھے اور دوسرے ساتھی سٹر پاکستانیوں کو جو حال ہی میں ایئر فورس سے ریٹائرڈ یا ریلیز ہوگئے تھے IRAN AIR کی ایک ٹیم (جو ایران کی شاہی فضائیہ سے تعلق رکھتی ہے) بہت ہی معقول تنخواہ اور مفت آراستہ مکانوں کے ساتھ HIRE کرکے ایران لے چلی۔ وہاں ہم اپنے اپنے کام کی مہارت کے مطابق ایرانی ایئر فورس کے وحدتی ایئر فورس بیس، جو کہ ایران اور عراق کی سرحد پر واقع ہے، بھیج دیے گئے۔

۱۹۶۹ء میں عراق اور ایران کے تعلقات انتہائی خراب ہوگئے اور اس کی وجہ معمولی سی تھی کہ شط العرب نام کا جو دریا ایران اور عراق کو جدا کرتا ہے اس دریا سے عراقی جہاز کا عراقی پرچم لہراتا ہوا جانا ایران کو منظور نہیں تھا۔ وہ خود اپنے جہاز اپنے ایرانی پرچم کے ساتھ لے جانا چاہتا تھا۔ عراق نے یہ بات نہیں مانی اور ایران نے عراق کو الٹی میٹم دے دیا کہ فلاں تاریخ سے کوئی جہاز عراقی پرچم کے ساتھ اس دریا سے نہیں گزرے گا۔

صرف ایک ہفتے کی مہلت تھی اس اثناء میں جنگی تیاری بالکل اسی طرح شروع ہوگئی جیسے کہ وطن عزیز پاکستان کی ہندوستان سے جنگ کے دوران ہوتی تھی۔ ایرانی افواج کو STAND BY کا حکم مل گیا اور فوجیں سرحدوں پر پہنچ گئیں۔ میں دوسرے پاکستانیوں کی طرح ایرانی فضائیہ کی FRONT LINE پر مقرر تھا۔ ایرانیوں کو بڑا فخر تھا کہ پاکستانیوں کو آگے رکھ کر خود پیچھے رہیں۔ [illegible] IRON [illegible] CNES [illegible] TRENCHES [illegible]

[illegible] SQUAD [illegible] SABRE [illegible]

یہاں ایک بات یہ بھی عرض کردوں کہ اس سے کچھ دن پہلے پاکستانی فضائیہ کا ایک وفد [illegible] پہنچا تھا ہمارے بیس میں پاکستان سے آیا اور ایک بہت بڑے ہال میں پاکستانی اور ایرانی فوجیوں کو [illegible] کا حکم شاہی سنایا گیا کہ عراق اور ایران کی اس جنگ میں پاکستان ایران کا ساتھ دے گا کیونکہ ۱۹۶۵ء میں ایران نے پاکستان کا ساتھ دیا تھا وغیرہ وغیرہ۔ پاکستان کے اس فیصلے پر سب سے زیادہ مجھے صدمہ ہوا۔ میں نہ ایران کے خلاف تھا اور نہ عراق کے ساتھ تھا بلکہ صرف اس کشمکش میں تھا کہ مسلمان مسلمان سے کیوں لڑے؟ میں اپنے ہاتھوں اپنے مسلمان بھائی کا خون کیسے بہاؤں؟ [illegible] شہنشاہ ایران جیب اس وقت کے لیے تنخواہ دے رہے تھے۔ سارے ہال میں پاکستان کے اعلان پر تالیاں گونج اٹھیں، ایرانی بے حد خوش تھے۔ اور ادھر عراق نے اعلان کردیا کہ [illegible] تقریباً تمام فوجیں اسرائیل کی سرحد کے لیے اردن کی سرحدوں پر لگی ہیں ہم اس وقت لڑنے کے قابل نہیں ہیں۔ ایران جو چاہتا ہے کرلے۔ اگر وہ [illegible] لے لے تو عراق اس وقت لڑنے سے قاصر ہے۔ اس پر سارے ایران میں خوشیاں منائی گئیں کہ عراق ہم سے نہیں لڑ سکا۔

میں نہیں جانتا تھا کہ ان حالات [illegible]

[illegible] SABRE JET [illegible] WHISTLER [illegible] BASIC [illegible]

[illegible] اور اپنے ہم مذہب بھائیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ آج سارا عراق اور عراقی پاکستان سے سخت نفرت کرتے ہیں۔ ایسی سیاست کو کون سمجھائے اور کون سمجھے؟؟

مخلص
ناچیز
محمد مصلح الدین قیصر
(کراچی)
(سابقہ [illegible] پاکستان و ایرانی فضائیہ)

★
اپنے کاروبار کی ترقی اور [illegible] کے لیے
کریسنٹ
[illegible] اشتہار دیجئے
★



والدین کے مجموعی کردار کا اثر
بچوں کی شخصیت پر نہایت گہرا ہوتا ہے

اے نازلی

اکثر گھروں کے کشیدہ حالات بچوں پر بہت برا اثر ڈالتے ہیں۔ تلخ ماحول میں گھٹن کا احساس دوچند ہو جاتا ہے۔ ماں باپ کی لڑائیاں بچوں کی سزا کا روپ دھار لیتی ہیں۔ آخر اولاد کب تک ان کی خطاؤں کی سزائیں بھگتے گی۔ والدین کو کب خیال آئے گا کہ ان کے درمیان اختلاف بچوں کی زندگی اجیرن کر دیتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی لڑائیاں بچوں سے زندگی کی ساری خوشی اور مسرت چھین لیتی ہیں۔ اکثر گھریلو خراب حالات سے بچے سرکش ہو جاتے ہیں۔ لڑکیاں آئندہ زندگی سے متنفر ہو جاتی ہیں کیونکہ انجام ان کے والدین کی صورت میں سامنے ہوتا ہے۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

بندگوبھی

[illegible]

[illegible]

خوانِ نعمت

کچے کیلے کے کباب

۶ عدد کچے کیلے
۶ عدد لال مرچ
۲ عدد ہری مرچ
ذرا سی پیاز چھوٹی
۱۲ عدد کالی مرچیں
ایک انچ کا ٹکڑا ادرک
دو چائے کے چمچے کترا ہوا ہرا دھنیا
آدھا لیمو
پاؤ پیالی بیسن
نمک حسب ذائقہ
گھی حسب ضرورت

کیلوں کو چھلکوں سمیت ابال لیں۔ پھر چھیل لیں اور ہاتھ سے مل کر بھرتہ بنا لیں۔ لال مرچ، کالی مرچ، ادرک اور نمک سل پر باریک پیس کر بھرتے میں ملا لیں۔ پیاز، ہرا دھنیا اور ہری مرچوں کا کچومر کاٹ لیں۔ اس کچومر میں لیموں کا عرق شامل کریں۔ بیسن میں تھوڑا سا پانی ملا کر گھول لیں۔ [illegible]

شمالی امریکہ میں پاکستانی معیاری فلموں کو
فروغ دینے والا واحد ادارہ
ایور نیو فلمز - اٹاوہ - کینیڈا
ماضی میں بے شمار اعلیٰ پاکستانی فلموں کے بعد اب
مزید ۱۹۷۵ء کی بہترین فلمیں پیش کرتے ہیں:

شمع
دامن اور چنگاری
نوکر
محبت زندگی ہے
اک گناہ اور سہی
انسان اور فرشتہ

معلومات یا بکنگ کے لئے فون کیجئے (613)238-2625

اقوالِ زرّیں

دوست کا عیب دوست پر ظاہر کر مگر اس کا تشہیر نہ کر۔
(سعدی)

[illegible]

تین پاکستانی فلمیں

مندرجہ ذیل تین پاکستانی فلموں کے قانونی حقوق برائے شمالی امریکہ بشمول ویسٹ انڈیز ہم نے حاصل کرتے ہیں۔ امریکہ، کینیڈا اور ویسٹ انڈیز کے مختلف شہروں میں فلموں کی نمائش کیلئے خواہشمند حضرات رجوع فرمائیں

[illegible]

IQBAL ZULFIKAR
[illegible] ECLIFFE GOLFWA[illegible]
DON MILLS, ONT.
PHONE: (416)424-292[illegible]

بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانی ملک کی زرِ مبادلہ کی آمدنی کا دوسرا بڑا ذریعہ ہیں

ملازمتیں دلانے کے لیے افراد کو تربیت دینے کا ٹھوس منصوبہ زیرِ غور ہے

اسرائیل کے پاس دس سے بیس تک ایٹم بم موجود ہیں — واشنگٹن پوسٹ

واشنگٹن — اے پی

پاکستانی تارکینِ وطن کے لیے بیرونی ملکوں میں بچت کے مراکز قائم کیے جائیں گے

گزشتہ سال کے دوران پاکستانیوں نے ڈھائی ارب روپے کا زرِ مبادلہ وطن بھیجا

کراچی — ریپ پ حکومت پاکستان ان ملکوں میں جہاں پاکستانی زیادہ تعداد میں مقیم ہیں بچت کے مراکز کھولنے پر غور کر رہی ہے ابتدائی مراحل میں یہ مراکز کویت جدہ، لیبیا اور ڈنمارک میں کھولے جائیں گے لندن میں بنک آف انگلینڈ کی پابندیوں کی وجہ سے مرکز قائم نہیں کیا جا سکتا تاہم وہاں ایک نمائندے کا تقرر کیا جائے گا...

نے اس منصوبے کا انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ ۷۵-۱۹۷۴ء کے دوران غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے دو ارب پچاس کروڑ روپے کی مالیت کا زرِ مبادلہ وطن بھیجا بچت کے مراکز قومی بچت کی سکیموں کیلئے پاکستانیوں کو فراہم کریں گے... کی پیشکش کی ہے

بیرونی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی ...

ہم بھارتی حکومت کی پیشکش کو مسترد کر دینگے، سرکاری ترجمان

بھارت نے اپنے سالانہ بجٹ میں بنگلہ دیش کی امداد کیلئے رقم پہلے ہی مختص کر رکھی ہے بی بی سی

ڈھاکہ — بی بی سی ایک سرکاری ترجمان نے بتایا ہے کہ حکومت بنگلہ دیش بھارت سے کسی قسم کی مالی امداد حاصل نہیں کرنا چاہتی اور اگر بھارت نے از خود مالی امداد کی پیشکش کی تو اسے قبول نہیں کیا جائے گا۔ ... بھارت کے سالانہ بجٹ میں اس مقصد کے لئے کوئی رقم مختص کر رکھی ہے ...

بین الاقوامی دباؤ سے مجبور ہو کر بھارت نے فرخا بند سے بنگلہ دیش کے لیے پانی چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا

نئی دہلی — اے پی ... بین الاقوامی دباؤ سے مجبور ہو کر بھارت نے آخر کار فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ فرخا بند سے پانی کی فراہمی بحال کر دے گا تاکہ بنگلہ دیش کو زیادہ پانی مل سکے ... دونوں ملک گنگا کے پانی کی تقسیم کے بارے میں بات چیت کر رہے ہیں لیکن بھارت کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے کوئی مثبت نتیجہ نہیں نکلا۔

لیوم احتجاج کے موقع پر فلسطینی طلبا صیہونیت کے خلاف نعرے لگا رہے ہیں

پاکستان کے مختلف حصوں میں ایٹمی بجلی گھر قائم کیے جائیں گے

ماضی میں ہمیں کم قیمت پر اور پیشگی شرائط کے بغیر ایٹمی ری ایکٹر مل سکتے تھے، منیر احمد خاں

اسلام آباد — اے پ پ ایٹمی توانائی کمیشن کے چیئرمین مسٹر منیر احمد خان نے پاکستان کے اس موقف کا ایک بار پھر اعادہ کیا ہے کہ وہ ایٹمی توانائی کو پر امن مقاصد اور ملک کی اقتصادی ترقی کے لئے استعمال کرے گا۔ آج شب ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ چشمہ میں ۶ میگاواٹ کے ایٹمی بجلی گھر کے علاوہ کراچی کے قریب اور بلوچستان کے ساحل کے ساتھ ساتھ بھی ایسے ہی کمپلیکس لگائے جائیں گے تاکہ ملک کے تمام حصے ایٹمی توانائی سے استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے اس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ ماضی کی حکومتوں نے ایٹمی شعبہ پر توجہ نہیں دی ورنہ ہم آج اس شعبے میں اتنے پیچھے نہ ہوتے۔ اور اگر پاکستان نے پہلے کوشش کی ہوتی تو اسے سستے اور پیشگی شرائط کے بغیر ایٹمی پلانٹ اور ایٹمی ری پروسیسنگ پلانٹ میسر آ سکتے تھے۔

مسٹر منیر احمد خان نے ایٹمی بجلی گھروں کے اقتصادی جواز کی وضاحت کی اور کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان کو توانائی کے روایتی وسائل حسبِ ضرورت میسر نہیں ہیں۔ ایٹمی توانائی نسبتاً سستی ہوتی ہے اس لئے تیل پیدا کرنے والے ممالک بھی بجلی کی پیداوار کے لئے ایٹمی توانائی ہی استعمال کر رہے ہیں۔

کیمبل پور ... پنجاب کے وزیر ... قریشی ... کیمبل پور پہنچیں گے

A&S COLLISION CENTRE

751-6699

MASOOD AHMAD

• OVEN BAKED FINISHES

Complete Paint Jobs $135 up

122 MANVILLE RD SCARBORO

پرانی منزل نئے مسافر

دید شنید

رفیق ڈوگر

گزشتہ روز اسمبلی سے دفتر پہنچے تو معلوم ہوا پنجاب کے سابق قائدِ ایوان اور اب پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر سینیٹر محمد حنیف رامے کو سول لائنز پولیس نے ان کے گھر سے گرفتار کر لیا ہے۔ ہمارے دفتر سے تھانہ سول لائنز اتنا قریب ہے ...

... جائے تاکہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آئے۔ وہ تھانے کے بہی کھاتے میں نئے مال کا اندراج کر کے جائیں تاکہ کوئی خانہ خالی نہ رہ جائے ...

... ہم پولیس کی ہوشیاری کا اپنی آنکھوں سے تماشا دیکھتے رہے۔ دو سال قبل ...

... دوسرے کو رپورٹ آئی کہ وہاں غسل خانے میں ...

یوم احتجاج کے موقع پر نیلا گنبد سے نکلنے والے ایک جلوس کا منظر

اسرائیلی مظالم اور مقامات مقدسہ کی بے حرمتی کے خلاف ملک بھر میں یوم احتجاج منایا گیا

نماز جمعہ کے اجتماعات میں فلسطین کی آزادی کیلئے خصوصی دعائیں

صیہونیوں کے توسیع پسندانہ عزائم کی بھرپور مذمت

حنیف رامے کو گرفتار کر لیا گیا

گرفتاری کے فوراً بعد رامے کو سول لائنز کی حوالات میں بند کر دیا گیا

قابل اعتراض تقریر کا الزام ۔ ملک قاسم کی طرف سے گرفتاری پر اظہار افسوس

لاہور ۔۔۔ وفاقی تحفظ ہول ویٹر پولیس نے آج سہ پہر پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ اور پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر سینیٹر محمد حنیف رامے کو ان کے گھر سے گرفتار کر لیا ان کی گرفتاری ڈیفنس آف پاکستان رولز کی دفعہ ۴۸ اور تحفظ امن عامہ کے قانون کی دفعہ ... کے تحت عمل میں آئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ان کے خلاف یہ مقدمہ ۵ جنوری کو ایک قابل اعتراض تقریر کرنے کے الزام میں درج کیا گیا تھا ...

پاکستان اپنی فوجی طاقت میں اضافہ کر رہا ہے اور اسکے ارادے نیک نہیں بھارت کا الزام

بھارت پاکستان سے نپٹ لے گا: بھارتی وزیر خارجہ کی دھمکی

نئی دہلی ۔۔۔ ریڈیو رپورٹ بھارتی وزیر خارجہ مسٹر جی ایل نے آج پھر پاکستان پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ اپنی فوجی طاقت میں بے پناہ اضافہ کر رہا ہے اور اس کے ارادے نیک نہیں ہیں انہوں نے یہ دھمکی بھی دی کہ بھارت پاکستان سے اسی طرح نپٹ لے گا ...

اسلام زندگی میں ربط، ہم آہنگی اور میانہ روی پر زور دیتا ہے

یورپ میں پہلی بار اسلام سے گہری دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا ہے

لندن میں اسلامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے شہزادہ فیصل کا خطاب

اخبار نویس سوشلزم اور جمہوریت کے فروغ کیلئے کام کریں اندرا گاندھی

نئی دہلی ۔۔۔ ریڈیو رپورٹ، بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے اخبار نویسوں پر زور دیا ہے کہ وہ سوشلزم اور جمہوریت کے فروغ کے لئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائیں ...

ترقی پذیر ممالک میں بھارت سب سے زیادہ ۱۰۰ طیارے تیار کر رہا ہے

لندن ۔۔۔ بی بی سی نے آج اپنے خصوصی پروگرام میں برصغیر کی صورت حال پر تبصرے کے دوران کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک میں بھارت سب سے زیادہ ۱۰۰ طیارے تیار کر رہا ہے اس وقت اس کی ۱۰۰ طیارہ ساز فیکٹریاں ہیں ...

ملک میں گندم کا خاصا ذخیرہ موجود ہے

اسلام آباد ۔۔۔ ...

مجھے "سچی" کھلاڑی تو مہمان بننے کو تیار ہوں: بھٹو

کریسنٹ میں شائع ہونے والے تمام مضامین، تصویروں اور اشتہارات کے خاکے اور ان کی عبارتوں کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انہیں سالم یا جزوی طور پر نقل کرنے سے پہلے ہماری تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔ ادارہ

یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اسکی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہماری اعانت کیجئے۔

مقبوضہ کشمیر میں حریت پسندوں اور پولیس میں جھڑپوں کے دوران متعدد افراد زخمی

بھارت میں مسلمانوں کے قتل عام کے خلاف وادی میں احتجاجی مظاہرے

*

CAPITOL TRADERS

پاکستان جانے سے پہلے اپنی ٹائیفائڈ کا ٹیکہ کرانا نہ بھولئے!

آپ کی سہولت کے لیے ہم امپورٹ پرمٹ اور دیگر تمام کاغذی کاروائی کا خود انتظام کرتے ہیں۔

ٹی۔وی، ریفریجریٹر اور بجلی کا سامان لے جانے کے لیے بھی ہماری خدمات حاصل کریں۔

CAPITOL TRADERS
P. O. BOX 953,
WINDSOR, ONT.
WINDSOR (519) 256-0634
TORONTO (416) 465-5412

Capitol Travel
"WORLD WIDE TRAVEL"

وطن جانے کے لیئے اپنے وطن کے نمایاں ٹریول ایجنٹ کی خدمات حاصل کریں۔

تفصیلات کے لیئے آج ہی شکیل یا ظہیر موری کو فون کیجیئے۔

کینیڈا اور امریکہ کے سب سے بڑے پاکستانی ٹریول ایجنٹ

Capitol Travel
741 BROADVIEW AVENUE
SUITE 306
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Telephone: 465 5411

دفاع اور فنّی شعبوں میں پاکستان، ایران، سعودی عرب اور مصر کا اشتراک عمل ناگزیر ہے

ہم تمام اسلامی ممالک کے ساتھ قریبی تعلقات کے خواہشمند ہیں

دوسرے سینا معاہدے نے عربوں کے اتحاد کو توڑ دیا ہے: مصری صحافی کو انٹرویو

راولپنڈی — ا پ پ وزیر اعظم بھٹو نے دفاع اور تکنیکی شعبوں میں چار بڑے اسلامی ممالک پاکستان، ایران، سعودی عرب اور مصر کے اشتراک عمل کی نشاندہی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقصد دو طرفہ یا اجتماعی سطح پر حاصل کیا جا سکتا ہے اور حالات بتاتے ہیں کہ ایسا اشتراک ناگزیر ہے۔ وزیر [illegible] مصری صحافی خاتون [illegible] کو ایک انٹرویو دے رہے تھے۔

اس سوال کے جواب میں کہ آیا اسلامی اتحاد کے مستقبل کے پیش نظر دو طرفہ سطح پر آپ نے کوئی منصوبہ تیار کر رکھا ہے، انہوں نے بتایا کہ پاکستان تمام اسلامی ملکوں کے ساتھ مزید قریبی تعلقات کا خواہشمند ہے۔ جب ہم الجزائر سے دو طرفہ تعلقات استوار رکھیں گے قرآن کی بنیاد پر تمام ملکوں کو اسلامی اتحاد کے بیچ کیا جا سکتا ہے۔ یہ بہت اہم ہے۔ وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ دفاعی اور فنی شعبوں میں تعاون کے بعد مصر، پاکستان، ایران اور سعودی عرب اپنے ذرائع اور قوت اور سائنسی دانش کو دو طرفہ یا اجتماعی بنیادوں پر مشترکہ مقصد کے لئے استعمال کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان کو بنیادی طور پر اپنے داخلی مسائل حل کرنا ہیں اور پھر قریبی ہمسایہ ممالک بھارت، افغانستان، سوویت یونین اور عوامی جمہوریہ چین کے ساتھ تعلقات کو مزید بہتر بنانا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسلامی دنیا اور عرب دنیا پر توجہ نہ دی جائے۔ ہم بلاشبہ اسلامی اور عرب دنیا میں خصوصی دلچسپی لیتے ہیں۔ عالمی مستقبل کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ تخریبی قوتیں ہر جگہ کام کر رہی ہیں اور ان حالات میں یہ نظر آ رہا ہے کہ مستقبل میں دنیا کے حالات خوشگوار نہیں ہوں گے۔

وزیر اعظم بھٹو نے مصری صحافی خاتون مس [illegible] کو انٹرویو دیتے ہوئے پاک مصری تعلقات، غیر جانبدارانہ تحریک، مخلوط معیشت کا تصور، پاکستان اور عربی ملکوں کے تعلقات، پاکستان کے اسلامی ملکوں کے ساتھ مراسم، دنیا میں تخریب کار قوتوں، عرب اسرائیلی جھگڑے اور جنوبی ایشیا کی صورت حال پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ وزیر خارجہ تھے اس وقت بھی وہ پاک مصر تعلقات کو بہتر بنانے میں کوشاں رہے ہیں۔ غیر جانبدارانہ سیاست کے بارے میں وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ اب بین الاقوامی سیاست میں بڑی تبدیلیاں واقع ہو چکی ہیں۔ اب ایک ملک کی دوسرے ملک کے ساتھ وابستگی فنی یا تکنیکی نوعیت کی ہو سکتی ہے مگر بنیادی طور پر سیاسی نوعیت کی وابستگی کے امکانات کم ہیں۔ ہم اب بالکل مختلف صورت حال کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

معاہدہ سینا

ایک سوال کے جواب میں وزیر اعظم پاکستان نے کہا مصر اور اسرائیل کے مابین سینا کے دوسرے معاہدے کا پاکستان نے خیر مقدم کیا ہے اور اس کی حمایت بھی کی ہے۔ تاہم اس معاہدے کے باعث شام کو جن حالات سے دوچار ہونا ہے ان کے پیش نظر میرے دل میں بعض خدشات بھی جاگزیں ہیں۔ اس معاہدے نے عرب اتحاد پر کاری ضرب لگائی ہے۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ہم تاریخی پس منظر میں معاہدہ سینا کا خیر مقدم کرتے ہیں تاہم مجھے یہ خطرات بھی نظر آ رہے ہیں کہ ان کی روشنی میں مصر یا امریکہ کی بجائے اسرائیل ہی فائدے میں رہے گا۔ یہ سوال میرے ذہن میں بار بار ابھرتا ہے۔ دیے خدا کرے کہ میرے خدشات غلط ثابت ہوں۔

نامہ نگار نے کہا کہ آپ کی بات بہت اہم ہے تاہم ہماری کچھ مجبوریاں ہیں اور ان میں اسرائیل کی شامل ہے۔ اگرچہ

ہمیں یاد ہے کہ ہم بہتر ہمسائے [illegible] کی حیثیت سے رہے۔ وزیر اعظم نے کہا جس طرح مصر کے پاس اسرائیل کا نمونہ ہے اس طرح پاکستان کے پاس بھی بھارت کے تنازعے ہیں۔ بہت کم [illegible] کے باوجود [illegible] اپنے علاقے کی واپسی [illegible] اپنے اصولوں کا سمجھوتہ ہرگز نہیں کیا۔

مصر اور پاکستان کے تعلقات

مصری روزنامہ "الاخبار" کی خاتون رپورٹر مس [illegible] نے اپنے انٹرویو کا آغاز پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور سالمیت و یکجہتی کے لئے وزیر اعظم بھٹو کی کوششوں کی کامیابی پر مبارکباد سے کیا۔ خاتون رپورٹر نے وزیر اعظم کو یاد دلایا کہ ۱۹۶۷ء میں آپ سے میری ملاقات ہوئی تھی۔ تو میں نے قیاس آرائی کی تھی کہ آپ پاکستان کے آئندہ وزیر اعظم ہوں گے۔ وزیر اعظم نے ایک سوال کے جواب میں کہا میں اہل مصر کی بے حد عزت کرتا ہوں اور پاکستان کے وزیر خارجہ کی حیثیت سے میں نے دونوں ملکوں کے مابین ماضی کی غلط فہمیوں کے ازالے اور دونوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے لئے کوششیں کیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین غلط فہمیوں سے دوسروں نے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ یہ غلط فہمیاں کچھ تو سنتو یا کینٹ سے متعلق تھیں۔ وہ دراصل غیر وابستگی کا ابتدائی دور تھا اور جانبداری سے اس وقت سخت نفرت کی جاتی تھی چنانچہ جو لوگ پاکستان کے مخالف بن گئے وہ پاکستان کی سنتو میں شمولیت کا مفہوم یا تو سمجھ نہیں پائے تھے یا پھر وہ جان بوجھ کر ان وجوہات سے اغماض برت رہے تھے۔

وزیر خارجہ کی حیثیت میں میری مرحوم صدر ناصر سے تفصیلی بات چیت ہوئی اور پھر موجودہ صدر سادات سے بھی گفتگو کا موقع میسر آیا۔ صدر ناصر سے یقیناً بعض غلطیاں ہوئیں لیکن انہوں نے سب کچھ قوم کے ساتھ خلوص کے جذبے کے تحت کیا۔ اب حالات بدل چکے ہیں اور اب وابستگی اور غیر وابستگی کا مسئلہ بنیادی و سیاسی ضرورت کی بجائے فنی نوعیت کا ہو گیا ہے۔ اور جب آج بین الاقوامی صورت حال میں ہم وابستگی اور غیر وابستگی کے مسئلے کو قطعاً مختلف زاویے سے دیکھتے ہیں میرے نزدیک وہی عمل پسندی بامقصد اور بامعنی ہو سکتی ہے جو کسی فلسفے پر مبنی ہو۔

وزیر اعظم نے ایک اور سوال کے جواب میں کہا پاکستان اور مصر کی پالیسیاں کم و بیش یکساں ہیں ان میں مکمل یکسانیت نہیں اس کی وجہ دونوں ممالک کی مختلف جغرافیائی اور مادی صورت حال ہے۔ ہمارے ہاں بے لگام سرمایہ دارانہ نظام اور آزاد معیشت کا رفرما ہیں اور اب ہم مخلوط معیشت اور سوشلسٹ نظام کی طرف جا رہے ہیں۔ جب کہ آپ منضبط معیشت سے مخلوط معیشت کی طرف قدم بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بنیادی فرق بڑا واضح ہے۔ وزیر اعظم نے کہا صدر ناصر مرحوم سے جو بنیادی غلطی ہوئی وہ یہ تھی کہ انہوں نے ملک میں سوشلسٹ معیشت کی مضبوط بنیاد کی عدم موجودگی میں صنعتی شعبے بالخصوص غیر ملکی سرمایہ کاری کے شعبے میں تیزی سے اقدامات کئے۔

کلام پاک کی قرأت کا ۲۲ جلدوں پر مشتمل البم تیار کر لیا گیا

کراچی — ا پ پ امریکہ کی ایک براڈکاسٹنگ [illegible] نے [illegible] قرآن مجید کی قرأت کا ۲۲ جلدوں کا ایک البم تیار کیا ہے اور عالم اسلامی کا کتب [illegible] کر یہ مکمل البم [illegible] ترتیل کے اعتبار سے نہایت عمدہ قرأت کا البم ہے جو تصدیق مصر کے قاری شیخ [illegible] [illegible] کی البم کی قیمت ایک [illegible] روپے ہے۔

مقبوضہ علاقوں میں مزید یہودی بستیاں تعمیر کی جائیں گی: اسرائیلی ترجمان

یروشلم — رپ پ (ا ف پ) یروشلم کے ایک ترجمان کے مطابق اسرائیل مقبوضہ مغربی اُردن میں مزید یہودی بستیاں تعمیر کرے گا۔ ترجمان واشنگٹن کے باخبر حلقوں کے حوالے سے شائع شدہ اسرائیلی اخبارات کی اس خبر پر تبصرہ کر رہا تھا جس میں کہا گیا ہے کہ امریکی حکومت نے شاہ حسین سے کہا ہے اسرائیل مقبوضہ اردنی علاقے میں اب مزید یہودی بستیاں تعمیر نہیں کرے گا۔

کراچی میں ۸۰ طلبا پر مقدمے چلائے جائیں گے

کراچی — رپ پ [illegible] کل ۸۰ طلباء کو لوٹ مار، فساد، چاقو زنی اور دیگر خلاف قانون الزامات کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔ یہ بات پولیس کے ایک اعلیٰ افسر نے بتائی۔ یہ واقعات کل کالجوں کے انتخابات کے موقع پر رونما ہوئے۔ پولیس افسر نے بتایا کہ ان طلباء پر باقاعدہ عدالتوں میں مقدمات چلائے جائیں گے تاہم آپ نے کہا کہ طالب علم ہونے کی حیثیت میں ان کے ساتھ یہ رعایت کی جائے گی کہ ان کی ضمانتیں منظور کر لی جائیں گی لیکن جن طلباء پر الزامات ثابت ہو جائیں گے ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی۔

ہم اپنے جانشینوں کو مضبوط اور فعال انتظامیہ دے کر جائیں گے: مجیب

ڈھاکہ — ویڈیو رپورٹ بنگلہ دیش کے صدر [illegible] نے آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں اعلیٰ افسروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہیں محنت اور دیانت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے جانشینوں کو ایک مضبوط اور فعال انتظامیہ دے کر جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب [illegible] فرائض [illegible] [illegible] بنگلہ زیادہ استعمال کریں انہوں نے کہا [illegible] استعمال کے حق میں ہوں لیکن [illegible] بنگلہ زبان کو ترجیح دی جائے۔

نئی دہلی — [illegible] مشرقی بھارت کا [illegible] [illegible] [illegible] بھارت [illegible] کو [illegible] کرنے [illegible] کی گرفتاری یا اسے ہلاک کرنے کے لئے دس ہزار روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔

وطن عزیز [illegible] [illegible]

Allied International

Unique Trade & Commerce

3240 Bloor St.,W.,Suite #5A
Toronto, Ont. CANADA M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 459-0820

گاڑی کی مرمت، رنگ و روغن اور انشورنس کلیم کے لئے ظہیر کو فون کیجئے
سستے کرائے پر کار بھی دستیاب ہے

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY

614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

لاہوری طرز کے لذیذ
"چھولے پوری"
سے لطف اندوز ہونے کے لئے ہر ہفتے کے روز صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک تشریف لائیے

KOH - I - NOOR

CURRY CENTRE

99 DAVENPORT ROAD

KHALID BUKHARI PHONE 923-2777

SID TRAVELS

WORLD-WIDE TRAVEL

واحد پاکستانی ٹریول ایجنسی جو پاکستان کے لئے انتہائی رعایتی داموں میں ٹکٹ فراہم کرتی ہے۔

پیرس
لندن
فرینکفرٹ
قاہرہ

اور دیگر ممالک [illegible] ہوئے رعایتی ٹکٹ پر سفر کیجئے
ٹکٹ آپ کی رہائش گاہ تک پہنچانے کا بندوبست
ٹکٹ کی ادائیگی آسان قسطوں میں
اور بہت سی سہولتوں کے لئے آج ہی [illegible]

الحاج سعید احمد

Saeed (Sid) Khan

[illegible] STREET
[illegible] ONTARIO

Office [illegible]
Detroit (313) 961 3373
Res. (519) 253-9319

پندرہ روزہ

کریسنٹ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

سُن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

اداریہ

بھارت کے مسلمان

گزشتہ دنوں یوپی کے ایک ضلع کے [illegible] ہندو غنڈوں نے ہندو مار مار کر اس قدر مجروح کر دیا کہ وہ ہلاک ہو گیا اور پھر قرآن مجید کو [illegible] نکال کر پھاڑ کر پھینکا اور روندا گیا جس پر مسلمانوں کا غم و غصہ قدرتی تھا۔ انہوں نے ان ہندوؤں کی حرکات پر احتجاج کیا جس پر ہندو مسلم فسادات کی آگ بھڑک اٹھی۔ آج کل چونکہ بھارت میں سنسر کی پابندیاں بہت سخت ہیں اس لیے یہ جاننا مشکل ہے کہ ہندو اکثریت کے ہاتھوں بے چارے [illegible] کے مسلمانوں پر کیا گزر رہی ہوگی؟

یہ اور ایسے کئی واقعات آئے دن ہندوستان میں ہوتے ہی رہتے ہیں جب متعصب ہندو کے دل سے اسلام اور مسلم دشمنی کا نقش مٹنے میں نہیں آتا اور جب کبھی، جہاں کہیں موقع ملتا ہے وہ اپنی بہادری اسی میں سمجھتا ہے کہ مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلے۔ اور بھارت میں جہاں کہیں مسلمانوں کی گزشتہ عظمت کا کوئی نشان باقی ہے اسے مٹانے کی کوشش کرے۔

بھارت کے مسلمانوں کے یہ مسائل ہمارے مسائل ہیں اور ان کے دکھ ہمارے دکھ ہیں۔ پڑوسی ملک میں آئے دن جیتے جاگتے بھارتی مسلمانوں کی کا [illegible] ہونے والا ہے جس میں کئی مسائل کی [illegible] اور ان کا حل تلاش کیا جائے گا۔ ادارہ پاکستانی اور ہندوستانی مسلمانوں سے درخواست کرتا ہے کہ اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور حصہ لیں۔

*

ن۔ م۔ راشد کے آخری لمحات

اس ہفتے کی اہم خبریں یہ ہیں کہ ساقی فاروقی جو ان دنوں لندن میں [illegible] کے بعد گزشتہ دنوں لاہور میں تھے۔ ان کی وضع قطع، گفتگو اور سوچ کا انداز حتیٰ کہ چہرے کے نقوش بھی کچھ مغربی مغربی سے ہو گئے ہیں، لیکن ایک چیز جو نہیں بدلی بلکہ دوسرے شاعروں کی نسبت ہم نے ان میں کچھ زیادہ ہی مشرقی انداز کی حامل پائی، وہ ان کا شعر سنانے کا ڈھنگ اور اس دوران داد وصول کرنے کا انداز تھا۔ شیزان اورینٹل میں انہوں نے محمد خالد اختر، سجاد باقر رضوی، انور جاوید، خالد احمد، مستنصر حسین تارڑ، رشید ملک، محمد کاظم، نجیب احمد، عبداللطیف اختر اور محبوب خزاں کی موجودگی اور احمد ندیم قاسمی کی میزبانی میں جس مخصوص انداز میں شعر سنائے اور جس جس ڈھنگ سے داد وصول کی وہ ہماری اس ادبی روایت کا حصہ ہے جو اب دم توڑ رہی ہے۔ احباب کے اس "گیٹ ٹوگیدر" میں دوستوں نے ان سے صرف کلام ہی نہیں سنا، ن۔م۔ راشد کے آخری لمحات کی کہانی بھی سنی کیونکہ ساقی فاروقی نہ صرف یہ کہ ان کے قریبی دوستوں میں سے ہیں بلکہ انہیں دفن کرنے کی بجائے جلائے جانے کے واقعات کے چشم دید گواہ بھی ہیں۔ انہوں نے جو کچھ بیان کیا وہ تقریباً تمام کا تمام انکشافات ہی کے ضمن میں آتا تھا۔ ان کے مطابق اس سارے واقعے کا پس منظر یہ ہے کہ ن۔م۔ راشد نے لندن میں قیام کے دوران ایک بار مُردے کو جلائے جانے کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ یہ سارا کام اس نفاست سے کیا گیا اور اس میں صفائی کا کچھ اس قدر خاطر خواہ انتظام تھا کہ راشد یہ منظر دیکھ کر بے حد متاثر ہو گئے اور انہوں نے ان رسومات کی ادائیگی سے فراغت کے بعد واپس گھر جاتے ہوئے اپنی پروٹسٹنٹ بیوی شیلا سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ موت کے بعد اسی نفاست سے اپنا وجود تلف کرنا چاہتے ہیں، چنانچہ انہیں دفنانے کی بجائے جلایا جائے۔ ساقی فاروقی نے بتایا کہ راشد نے نہ تو اس نوع کی کوئی تحریری وصیت چھوڑی تھی اور نہ ہی کبھی اپنے دوستوں سے کہا تھا کہ ایسا کیا جائے البتہ ان کا اتنا شہرہ پھیل گیا اور انہوں نے زبانی خواہش کی کہ ہر زبانی وصیت کی تائید کی، تو ہم یہ سمجھ بیٹھے کہ راشد جب مرے تو وہ زنده پاکستان مسلمان بیدار ہو گیا اور انہوں نے زبانی جذبات سے کہا ایسا نہیں ہو سکتا، لیکن جب ان کے بیٹے شہریار نے بھی اپنے والد کی اس وصیت کی تائید کی، تو ہم چپ ہو گئے، کیونکہ زندگی میں تو راشد پر ہمارا حق تھا، لیکن ان کی لاش کے وارث ہم نہیں، ان کا بیٹا تھا یا ان کی بیوی تھی! ساقی فاروقی نے اس امر کی تردید کی کہ راشد نے اپنی موت کے بعد ایصالِ ثواب کے لیے ختمِ قرآن مجید سے منع کیا تھا۔ تاہم اس کا اہتمام اس لیے نہ کیا گیا کہ جلانے کی رسم ادا کرنے کے بعد یہ فعل منافقت کے ضمن میں آتا تھا۔ ساقی فاروقی اس محفل میں دراصل یہ بتانا چاہتے تھے کہ راشد کی اس وصیت کا باعث ان کا اسلام سے منحرف ہونا نہیں تھا۔ بلکہ صرف ایک خاص واقعے نے ان کے ذہن پر شدید اثر چھوڑا تھا اور اس اثر کے تحت انہوں نے اپنے ورثاء سے مرنے کے بعد جلائے جانے کی خواہش کا اظہار کر دیا جس پر پوری طرح عمل کیا گیا۔ اپنے اس دعوے کے ثبوت میں ساقی فاروقی نے ایک حیرت انگیز انکشاف یہ بھی کیا کہ راشد کو تقریباً نصف قرآن مجید پوری طرح حفظ تھا اور وہ گفتگو کے دوران (اپنی آخری سانسوں تک) آیات کے حوالے دیا کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنی جائداد کی تقسیم بھی عین اسلامی اصولوں کے مطابق کی تھی بیٹیوں میں نصف جائداد تقسیم کرنے کی وصیت کی جب کہ بیٹیوں کو اسلامی شریعت کے مطابق پورا حصہ دیا۔ اسی طرح انہیں نہ صرف یہ کہ ہندو ازم سے شدید نفرت تھی اور وہ زبردست "اینٹی انڈیا" جذبات رکھتے تھے بلکہ آخری دنوں میں وہ ہمارے ساتھ مل کر پاکستان کے مفاد کے لئے منصوبے بھی سوچا کرتے تھے۔

ہم نے ان سطور میں ساقی فاروقی کا بیان من و عن درج کر دیا ہے کیونکہ ان کا کہنا تھا کہ راشد کے بارے میں پاکستانی عوام حقیقت حال سے واقف نہیں ہیں۔ اور اس ضمن میں اخبارات نے واقعات کی جو تصویریں پیش کی ہیں وہ تمام کی تمام درست نہیں ہیں۔ اس ضمن میں انہوں نے دیانت دار صحافت کے نام پر ہم سے مطالبہ کیا تھا کہ تصویر کا یہ رخ بھی قارئین کے سامنے ضرور آنا چاہیئے۔ سو ہم نے ان کی یہ خواہش اور اپنا فرض پورا کر دیا ہے مگر اس کا کیا علاج کہ "اوراق" کے تازہ شمارے میں جو اس وقت ہمارے ہاتھوں میں ہے اور جس کے ایڈیٹر ن۔م۔ راشد کے ایک اور عزیز دوست ڈاکٹر وزیر آغا ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے کہ راشد کو اپنے وطن کے مستقبل سے کہیں زیادہ نسل انسانی کے مستقبل کی فکر تھی۔ وطن ان کے لیے کبھی باعث کشش نہیں تھا۔ چنانچہ جب ان کا سلسلہ ملازمت ختم ہو گیا تو ان کے لیے یہ فیصلہ کرنا انتہائی مشکل تھا کہ وہ اب کس ملک میں سکونت اختیار کریں۔ چاہو پاکستان یا تراہے سوچ پر ان [illegible]

ساقی فاروقی

[illegible] کے سامنے [illegible] تھا یا تھا چنانچہ جب [illegible] ان کی رستہ کی خبر سُنی تو مجھے یہ دم کے اور جب ان کی [illegible] وصیت کے بارے میں علم ہوا تو ہمارے ہاتھ پاؤں شل ہو کے رہ گئے تھے کے اس طرح [illegible] عبداللہ حسین

روزن دیوار سے



فراق گورکھپوری

سے ملاقات ہوئی تو وہ عجیب تذبذب میں تھے کہنے لگے "جی چاہتا ہے اسلام آباد میں سکونت اختیار کر لوں، بیوی اٹلی میں رہنا چاہتی ہے، انگلستان بھی کوئی بری جگہ نہیں، بہرحال کہیں بھی رہ پڑیں، اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟" اسی طرح ڈاکٹر وزیر آغا نے ان کی مذہبی بغاوت کا ذکر بھی اپنے اس مضمون میں کیا ہے اور اس کا ثبوت پیش کرنے کی انہیں ضرورت نہیں تھی کیونکہ یہ بغاوت راشد کے تمام کلام میں جاری و ساری نظر آتی ہے۔ سو راشد کے بارے میں ساقی فاروقی اور ڈاکٹر وزیر آغا کی روایات ہم نے بیان کر دی ہیں اور یہ دونوں روایات ایک دوسرے سے مختلف بلکہ متضاد ہیں سے

کس کا یقین کیجئے، کس کا یقیں نہ کیجئے

لائے ہیں بزمِ ناز سے یار خبر الگ الگ

اس ہفتے کی دیگر خبریں یہ ہیں کہ بھارت میں ایمرجنسی کے قوانین کا اطلاق صرف سیاسی سرگرمیوں ہی پر نہیں ہے بلکہ خالصتاً ادبی سرگرمیاں بھی بہت بری طرح ان کی زد میں ہیں حتیٰ کہ افسانوں اور ناولوں تک کا پوسٹ مارٹم کیا جاتا ہے اور افسرانِ بالا جس ادب پارے کو "یس" کہہ دیں، صرف وہی اشاعت کے قابل قرار پاتا ہے۔ چنانچہ حال ہی میں جیلانی بانو کا ایک ناول شائع ہوا ہے۔ اس کا نام "عہدِ ستم" تھا جو سنسر کر دیا گیا اور اس کی جگہ یہ ناول اب "ایوانِ غزل" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ لاہور کی خبر یہ ہے کہ عارف عبدالمتین نے جو اوراق کے "ایکے از مدیراں" تھے، ادارت سے استعفا دے دیا ہے۔ اوراق کے تازہ شمارے میں اس کی وجہ علالت بیان کی گئی ہے جبکہ ہماری اطلاع کے مطابق اس کا باعث وہ نظریاتی بُعد تھا جو ڈاکٹر وزیر آغا اور عارف عبدالمتین کے مابین پایا جاتا ہے۔ عارف ہاشمی ایک طویل عرصے کی بے روزگاری کے بعد ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ اینڈ سپلائیز کارپوریشن میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) ہو گئے ہیں اور خالد احمد ایک طویل عرصے کے کنوارپنے کے بعد اپریل کے آخر میں "رشتۂ ازدواج" میں منسلک ہو جائیں گے۔ ہمارے ہاں "پٹ منگنی پٹ بیاہ" کا طریق کار بھی موجود ہے لیکن چونکہ خالد احمد کی منگنی کی رسم ادا نہیں ہوئی بلکہ پروگرام براہِ راست شادی کا ہے۔ لہٰذا اس "ٹیپ" بیاہ کو "پٹ بیاہ" ہی کہنا پڑے گا! ناصر [illegible] کی شادی منگنی کے پورے ایک سال بعد اپریل کے آخری ہفتے میں متوقع ہے۔

اور اس ہفتے کی آخری خبر جو بہت [illegible] موصول ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت فراق گورکھپوری ان دنوں صرف اگاتھا کرسٹی کے ناول پڑھتے ہیں۔

نورِ بصیرت

میاں عبدالرشید

اسلامی لائحہ حیات

اسلام زندگی کے لیے جو پروگرام دیتا ہے (شریعت محمدی) وہ مختصر بھی ہے، آسان بھی اور جامع بھی۔ صرف پانچ ارکان ہیں۔ کلمہ طیبہ، نماز، زکوٰۃ، روزہ اور حج۔ ان میں سے کلمہ طیبہ صرف بنیادی اصول ہے اس بات کا اعلان کہ معبود اور مقصود اور محبوب صرف اللہ کی ذات بابرکات ہے۔ اور اس تک پہنچنے کا راستہ وہی ہے جو جناب رسالتمآب نے ارشاد فرمایا، اور جس پر آنجناب نے چل کر دکھایا۔ باقی صرف چار ارکان ہیں لیکن زندگی کا کوئی پہلو یا گوشہ ایسا نہیں جس پر یہ حاوی نہ ہوں۔ روحانی ضرورت ہو یا علمی یا بدنی، انفرادی ضرورت ہو یا اجتماعی سب اس پروگرام میں سمو دی گئی ہیں۔ اور اس خوبصورتی سے کہ بے ساختہ زبان پر کلمات تحسین آ جاتے ہیں۔

اس پروگرام میں نماز کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے ذریعہ ایک چھوٹے محلہ سے اس معاشرہ کی بنیاد پڑتی ہے۔ جو اسلام قائم کرنا چاہتا ہے۔ نماز وقت کی پابندی، نظم و ضبط، صفائی، یکجہتی، مساوات، باہمی ہمدردی کے علاوہ اللہ سے عبودیت کا گہرا تعلق بھی قائم کرتی ہے۔ یہ اس معاشرہ کو ایک محلہ سے عالمی سطح پر لے جاتا ہے۔ روزہ معاشرہ کے افراد میں ضبطِ نفس پیدا کرتا ہے۔ زکوٰۃ اس میں معاشی ہمواری کا انتظام کرتی ہے۔ قرآن پاک میں تقریباً ہر جگہ نماز اور زکوٰۃ کا حکم ساتھ ساتھ آتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب تک زکوٰۃ کا نظام قائم نہ کیا جائے، نماز کے فوائد اور ثمرات سے پوری طرح بہرہ اندوز نہیں ہوا جا سکتا۔

اسلام کے معاشی نظام میں خرچ کرنے پر زور ہے۔ مال جمع کرنے کی ممانعت ہے۔ قرآن پاک میں جگہ جگہ فرمایا: "خرچ کرو میری راہ میں خرچ کرو۔ میرے دیئے ہوئے میں سے خرچ کرو۔" کیونکہ قرآن پاک کا عام انداز ہے کہ حکم اس طرح سے دیا جاتا ہے جس سے لبِ لُباب آسان ہو۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ خرچ اس طرح کیا جائے کہ مال صرف دولتمندوں ہی میں نہ گھومتا رہے بلکہ سوسائٹی کے ہر فرد تک پہنچے۔ پھر سود کے ذریعہ مال کمانے کی ممانعت ہے۔ واضح طور سے فرما دیا کہ سود تجارت نہیں۔ جوا سے ممانعت فرما دی اس کے بعد تمام حرام اشیاء کی تجارت ممنوع قرار دے دی مثلاً شراب، جوئے خانے، لاٹری، جنسی بے راہروی کا کاروبار وغیرہ۔

خودی کی پرورش و تربیت پہ ہے موقوف

کہ مشتِ خاک میں پیدا ہو آتشِ ہمہ سوز

یہی ہے سِرِّ کلیمی ہر اک زمانے میں

ہوائے دشت و شعیبؑ و شبانیِ شب و روز

(ضربِ کلیم)

افغانستان

[illegible] اور افغانوں کی الفت تو شاملِ سراپا، دنیا افغان مگر بے بیدار دلی ہے

بہت بدنام ہے گو آمریت دہر میں لیکن

جو وقت حصہ داؤد میں آئی نرالی ہے

ذکار انصاری

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

کریسنٹ

ٹورونٹو کینیڈا

جلد نمبر ۵ • شمارہ نمبر ۳

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو وطن رقوم بھیجنے کیلئے مزید مراعات دی جائیں گی

ٹریکٹروں اور کاروں کی درآمد اور کسٹمز کے طریق کار کو آسان بنایا جا رہا ہے

کسی مشرقی پاکستانی کو غیر ملکی قرار نہ دیا جائے

ایگریکلچرل ویلتھ ٹیکس سے مستثنیٰ ہوگا

سرداری نظام ختم کردیا گیا

آج کے بعد یہاں کوئی سردار نہیں ہوگا • ہم نے سرداری نظام کو ایک ٹھوکر سے اپنی موت آپ سلا دیا ہے • میں بلوچستان کو کبھی تباہ نہیں ہونے دونگا: بھٹو

استحصالی دور کے خاتمے کی خوشی میں ملک بھر میں عام تعطیل

نالعدم نیپ کے رہنما بلوچستان میں سرداری نظام کو ختم کرنے کی بجائے لوگوں کو دھوکہ دیتے رہے

سرداری نظام کا خاتمہ اب تک نافذ کی جانے والی اصلاحات میں سب سے اہم قدم ہے۔

کوئٹہ کے جلسہ عام میں تقریر

کوئٹہ ـــــ اسپیپ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے آج سے صدیوں پرانے سرداری نظام کے خاتمے کا اعلان کیا ...

اسلامی ممالک عیسائیت کی تبلیغ کا اثر زائل کرنے کیلئے بین الاقوامی ریڈیو سٹیشن قائم کریں گے

نیویارک ـــــ ...

پاکستان میں دو سو برس تک کی ضروریات کے لیے تیل کے ذخائر موجود ہیں

کینیڈا کی فرم نے سروے رپورٹ حکومت کو پیش کر دی

کراچی ـــــ ...

عوام کو موجودہ حالات سے آگاہ کرنے کے لیے متحدہ محاذ کے راہنما ملک کا مشترکہ دورہ کریں گے

حکومت کی پالیسیوں کو غلط ثابت کرنے میں ہمیں کامیابی ہوئی ہے: مفتی محمود

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ 1 Year 1st Class Mail $ 8.00
- ☐ 2 Years 1st Class Mail $14.00
- ☐ 6 Months 1st Class Mail $ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
پندرہ روزہ کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49[illegible]

Name
Address
Postal Code
Telephone No.